فوری ریلیز کے لیے: 2023/29/3 | ***KATHY HOCHUL گورنر***

گورنر HOCHUL نے ویتنام کی جنگ میں خدمات انجام دینے والے نیویارک کے سابق فوجیوں اور ان کے اہل خانہ کے لئے ان کی خدمات اور قربانیوں کے اعتراف میں تعریفی اعلامیہ جاری کر دیا

ریاست کے اہم اور تاریخی مقامات پر ویتنام سروس میڈل کے رنگوں والا چراغاں کیا جائے گا

آج ویتنام سے آخری امریکی فوجیوں کی واپسی کی 50 ویں سالگرہ ہے

اعلامیہ یہاں پڑھیں

گورنر Kathy Hochul نے آج ایک اعلامیہ جاری کیا ہے جس میں 29 مارچ، 2023 کو ریاست نیویارک میں ویتنام کے سابق فوجیوں کا دن قرار دیا گیا ہے۔ اس اعلامیے میں اس اہم دن کی 50 ویں سالگرہ کے موقع پر جب آخری امریکی لڑاکا فوجی جمہوریہ ویتنام سے واپس روانہ ہوئے تھے، ویتنام کی جنگ میں خدمات انجام دینے والے نیویارک کے سابق فوجیوں کی خدمات اور قربانیوں کو سراہا گیا ہے۔ علاوہ ازیں، گورنر Hochul نے ہدایات جاری کیں کہ جنگ ویتنام کے سابق فوجیوں کے دن کے موقع پر ریاست نیویارک کے تاریخی مقامات پرسبز، پیلے اور سرخ رنگ سے چراغاں کیا جائے۔ یہ تینوں رنگ اس ویتنام سروس تمغے کے رنگ ہیں جو ویتنام کی جنگ کے دوران خدمات انجام دینے والے امریکی فوجیوں کو عطا کیے گئے تھے۔ اس تمغے کے ذریعے جن فوجیوں کو اعزازات عطا کیے گئے تھے انہوں نے ویتنام، کمبوڈیا، لاؤس، تھائی لینڈ یا ان علاقوں کے ملحقہ سمندروں یا فضائی حدود میں خدمات انجام دی تھیں۔

"ویتنام کے سابق فوجی ہماری ریاست اور قوم کے لئے اپنی بے پناہ خدمات کے لئے انتہائی احترام اور تعریف کے حقدار ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیویارک میں، ہم شب و روز یہ امر یقینی بنانے کے لئے کام کرتے ہیں کہ ان کے جذبے اور قربانی کو سراہا بھی جائے اور یاد بھی رکھا جائے، اور آئندہ ویتنام ویٹرنز ڈے پر نیویارک کے 207,000 ویتنام ویٹرنز کی خدمات کے اعتراف میں جشن منانا میرے لئے بہت اعزاز کی بات ہے۔"

ریاست نیویارک کے ڈویژن آف ویٹرنز سروسز کی ڈائریکٹر Viviana DeCohen نے کہا، "بہت طویل عرصے تک ویتنام کے ہمارے سابق فوجیوں کو اپنے حال پر چھوڑ دیا گیا اور ان جرات مندانہ خدمات کے اعتراف میں انہیں وہ عزت اور احترام نہیں دیا گیا جس کے وہ حقدار ہیں۔ مجھے فخر ہے کہ اب یہاں نیویارک میں، ہم یہ امر یقینی بنانے کے لئے پُرعزم ہیں کہ ہمارے ملک کے لئے قربانیاں دینے اور خدمات انجام دینے والے تمام افراد کو ان کے شاندار کام کے لئے پہچانا جائے، سراہا جائے، اور ان کا احترام کیا جائے۔ سابق فوجیوں کے اس دن پر اور ہر دن، ہم ان کی خدمات کے لئے شکرگذار رہتے ہیں۔"

ایک اندازے کے مطابق ویتنام جنگ کے 207,000 سابق فوجی اس وقت ریاست نیویارک میں رہتے ہیں، اور اس قوم اور جن اقدار کے لئے یہ قوم کھڑی ہے ان کے دفاع میں جنگ کے دوران نیویارک کے 4,119 شہری مارے گئے تھے۔ ان کے نام واشنگٹن ڈی سی میں ویتنام میموریل وال پر درج شدہ 58,276 ناموں میں شامل ہیں۔ نیو یارک اسٹیٹ ویتنام میموریل البانی میں ایمپائر اسٹیٹ پلازہ پر واقع ہے۔

ریاست کے مندرجہ ذیل اہم اور تاریخی مقامات پر آج رات سبز، پیلی، اور سرخ روشنیوں سے چراغاں کیا جائے گا:

1. ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر
2. گورنر ماریو ایم کیومو برج
3. کوزی اوشکو برج
4. دی ایچ۔ کارل میک کال سونی بلڈنگ
5. سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
6. الفریڈ ای۔ سمتھ اسٹیٹ آفس بلڈنگ
7. ایمپائر سٹیٹ پلازا
8. سٹیٹ فیئر گراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
9. نیاگرا فالز
10. دی "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج
11. البانی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
12. MTA LIRR - پین اسٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
13. ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ برج
14. مائنیہان ٹرین ہال

ڈویژن برائے سابق فوجیوں کی خدمات کے بارے میں

نیویارک اسٹیٹ ڈویژن آف ویٹرنز سروسز، جو 1945 سے سابق فوجیوں، سروس ممبران، اور فوجی خاندانوں کے لئے ریاست کی وکالت ایجنسی کے طور پر خدمات انجام دے رہا ہے، اس کا عزم ہے کہ تمام سابق فوجیوں، سروس ممبران، اور فوجی خاندانوں کی خدمت کرنے کے لئے پوری ایجنسی خدمات کی ایک وسیع تر رینج پر کام کرے گی، جس میں امریکہ کے سابق فوجیوں کے مراعات حاصل کرنے کے کلیم اور اپیلیں، امریکہ کے محکمہ دفاع میں دائر کردہ ڈسچارج اپ گریڈ کی اپیلیں، اور ریاست نیویارک کے فوائد کے کلیم سب شامل ہیں۔ سابق فوجیوں، سروس ممبران، اور فوجی خاندانوں سے گذارش ہے کہ وہ 888-838-7697 پر ڈویژن سے رابطہ کریں یا اس کی ویب سائٹ veterans.ny.gov پر جا کر اپنی ضروریات پوری کروانے اور مکمل مراعات و فوائد حاصل کرنے کے لیے سابق فوجیوں کے کسی سند یافتہ مشاورت کار کے ساتھ — بالمشافہ یا ورچوئل طور پر — ملاقات کریں۔ DVS کو Instagram، Facebook اور Twitter پر فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں